## یوسف شاہوانی اورگلفر از خٹک کورابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا
## الطاف حسین نے شمولیت کے فیصلے کی توثیق کردی

کراچی۔۔۔11، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی اورمتحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان خٹک ایڈووکیٹ کورابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا ہے۔قائدتحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی میں یوسف شاہوانی اورگلفر از خان خٹک ایڈووکیٹ کی شمولیت کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی میں مزید دواراکان کی شمولیت کے بعدرابطہ کمیٹی کےارکان کی تعداد35ہوگئی ہے۔

## آٹے اورچینی کی ذخیرہ اندوزی کاسخت نوٹس لیاجائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آٹے اورچینی کی ذخیرہ اندوزی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورکہاہے کہ آٹے ،چینی اوردیگراشیاء کی ذخیرہ اندوزی کرکے جوعناصر ناجائزمنافع خوری کررہے ہیں وہ غریب عوام کے کھلے دشمن ہیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین مہنگائی کے خاتمے اورعوام کی مشکلات کےحل کیلئے مسلسل کوشاں ہیں اوراس سلسلے میں گزشتہ روزلاہورمیں ''مہنگائی اورعوام کی مشکلات'' کے موضوع پرسیمینار سےاپنے خطاب میں مہنگائی اوربے روزگاری کے اسباب سےعوام کوآگاہ کرچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ارباب اختیار واقتدارصدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیراعلیٰ پنجاب شہبازشریف آٹے اورچینی کی ذخیرہ اندوزی کرکے ناجائزمنافع خوری کاسختی سےنوٹس لیں اوراس ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کےخلاف قانونی کارروائی عمل میں لاکر آٹے ،چینی اوردیگربنیادی ضروریات کی اشیاءکورعایتی نرخ پرعوام تک پہنچانے کیلئےخصوصی اقدامات بروئے کارلائیں۔

## افغانستان میں بس پرفائرنگ کے نتیجے میں متعدد پاکستانیوں کے ہلاک اورزخمی ہونے پررابطہ کمیٹی کااظہارافسوس

کراچی۔۔۔11، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے افغانستان کےصوبے پکتیا میں پشاورجانے والی بس پرفائرنگ کے نتیجے میں متعدد پاکستانیوں کے ہلاک اورزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے فائرنگ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانیوں کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطاکرے۔ (آمین)

## لاہورکےعلاقے کالاشاہ کاکومیں فیکٹری کی چھت گرنے کےالمناک سانحہ میں متعددافراد کے
## دب کرہلاک وزخمی ہونے پررابطہ کمیٹی کااظہارافسوس

کراچی۔۔۔11، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کےعلاقے کالاشاہ کاکومیں فیکٹری کی چھت گرنے کے المناک سانحہ میں متعددافراد کے ملبہ تلے دب کرہلاک اورزخمی ہونے پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ فیکٹری کےمنہدم ہونے کی تحقیقات کرائی جائے اوراس کے ذمہ داران کےخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ہلاک ہونے والوں کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔ 11 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکنان اکرم علی اور ارشد علی کے والد حاجی عبدل الغفور، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137 کے کارکن شکیل قریشی کے والد مشتاق ایلیجی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆